ظہور اسکا یہ ہے کیا کیا کہین کچھ ہے کہین کچھ ہے
وہ آپ ہی سنبل ولالہ وہ آپ ہی سرو قدبالا

ہمارے خون کی تیزی بہا کی
اڑا کوچہ سے منزل کربلا کی
ہماری خاک مدت تک اڑا کی
نہ پوچھو عشق کی آفت بلا کی

دیوان رضا

| | |
|---|---|
| ہوا کھا چل ہوا ہو اے صبا تو | نہ لائی بوی زلف مشک ساکی |
| خلیفہ ہو گیا لے کر امانت | یہ بازی لے گیا انسان خاکی |

مریض عشق مر جائے تو چھٹ جائے
یہی تدبیر ضامن ہے شفا کی

| | |
|---|---|
| وصل سی سیلی مری جان وہ جانی مانگے | جاودانی کی عوض عالم فانی مانگے |
| مرہم زہر مرا زخم نہانی مانگے | کشتۂ تیغ محبت کا نہ پانی مانگے |
| شمع کافوری سحر ہو گئی ٹھنڈی افسوس | عشق پیری میں مرا جوش جوانی مانگے |
| میں وہ دیوانہ و حیران ہون نحیف و بیجان | میری تصویر کی مجنون بھی نشانی مانگے |
| دیکھے خط نامہ سان کہنا یہ احوال سبھی | شکوۂ جور و جفا گر وہ زبانی مانگے |
| دفتر عشق کا ہی طول میں کیونکر لکھون | ایک عالم مری قصے کی کہانی مانگے |

چاہ میں اسکی زلیخا کی صفت ضامن دے
دل و جان تجھسے جو وہ یوسف ثانی مانگے

| | |
|---|---|
| فرقت نے تری جان مری یار نکالی | کیون تیغ ستم تونے ستمگار نکالی |
| تدبیر کوئی اور اگر یار نکالی | کیون قتل کی خاطر مری تلوار نکالی |
| گر آہ کوئی ہمنے قضا کار نکالی | جان سخت رقیبو کی وہیں یار نکالی |

حسرتا دنیا میں ہم کیا کر چلے
کون کہتا ہے کہ عاشق مر چلے
دور ساقی میں کیا ساغر چلے

لامکان تک ہم بہ فرقِ سر گئے
مرد سچے جو ہم سے گئے زندہ ہو گئے
باز و ملکوت وا ہم جی گئے
سر بسر قارون سے کیا کم رہ گئے
دولت زر جمع کر جو مر گئے
ہم سے گئے گنہون سے اب ہم رہ گئے
وصل کی امید میں ہم جان
عاشق جانباز کر کے مر گئے
اس جہان میں نام اپنا کر گئے
جی سے گئے جو ہم سے وہ چھٹ گئے
اے ستم خوار دون سے وہ بہتر گئے
اُس سے جو رو ظلم سے مارا ہمین
جی سے گئے جیتے ہی جی جو ہم سے گئے

| | |
|---|---|
| ہجر مین اُس بُت کی ہم کیا کر چلے | ناگہانی موت آ ئی مر چلے |
| خفتگانِ خاک کی مرقد پہ تم | اے صنم کیا حشر برپا کر چلے |
| دم نہ مارا اے عاشقِ صابر کبھی | جب ستم کا حلق پر خنجر چلے |
| ساقیا سرشارِ میخوارون کی جام | کتنے توڑے اور کتنے بھر چلے |
| میکدے مین قاضی و مُلّا گرو | محتسب دستار اپنی دھر چلے |
| کوچۂ قاتل مین کفنی پہن ہم | سر کو لے اپنے ہتھیلی پر چلے |
| بر سرِ بازار مجنون پر ترے | کود کون کے ہاتھ سے پتھر چلے |
| واہ وا اے نشۂ بادہ ہوس | ساغرِ عصیان کو ہم تو بھر چلے |
| دشمنِ آدم ہے گندم دیکھ لو | آسیا اُس پر سدا گھر گھر چلے |

زندگی بن یار رضا من ہو چکی
ہم تو تنہا چھوڑ دُود لبر چلے

## مبدل القافیہ

| | |
|---|---|
| حسرتا دنیا مین ہم کیا کر گئے | بارِ عصیان سر پہ اپنے دھر گئے |
| الفتِ جانان سے کیون ہم ڈر گئے | تا حق اعدا کی وفا مین مر گئے |

دیوان رضا من

اپنے چشمہ زار سے رضا من ہے
نالہ و زاری ... آستان ہے
کیا جہان ... پہنچے آسمان ہے
زمین اور اب ... ویران ہے
اے ... خاک ... پہنچے آسمان ہے
زمین اور اب لامکان ہے
زمین اور ... پہنچے آسمان ہے
شب معراج مین ... آسمان ہے
زمین اور اب ... پہنچے آسمان ہے
شب ... رضوان ہے
زمین ... پہنچے آسمان ہے
دیوان

وہان خاکی نہ کوئی پہونچا ہے عشق | زمین اوپر ہے نیچے آسمان ہے

ہوا ضامن پہ ثابت عکس مضمون
زمین اوپر ہے نیچے آسمان ہے

تلخی جان کو میری وہ آسان کر گئے | خنجر سے ذبح کرکے وہ احسان کر گئے
پہلو سے لیکے دل مری پہلو سے اُٹھ گئے | مرنیکا ناگہان مری سامان کر گئے
حسرت یہی رہی کہ نہ پوچھا کسیکا حال | عاشق ہزار جان وہ قربان کر گئے
شانہ کیا نہ زلف پریشان مین یار نے | دلکو ہماری ہای پریشان کر گئے
کیا کیا کھلائی گل تری تیغ جفائی یار | سینے کو میرے تم تو گلستان کر گئے
دکھلاکے ہمکو جلوۂ رخسار چھپ گئے | آئینہ سان مجھے تو وہ حیران کر گئے
بیمار چشم کو نگہ تیر سے تو ہاے | دنیا مین کوئی دم کا وہ مہمان کر گئے
دکھلا کے برہمن کو مرخ مصحفی صنم | کتنے ہی ہندوؤنکو مسلمان کر گئے
آہ و فغان و حسرت و غم دی گئی مجھے | کتنے ہی میری جان کو نگہبان کر گئے
آتی ہی عشق موج غم دور دسنے مرے | جان جگر کے ملک کو ویران کر گئے

مضمون جانگداز سے ضامن تو عاشقو
مشہور ملک ہند مین دیوان کر گئے

قافیہ ضامن

[illegible] پایا نہیں کرتے

دیوان ضامن

| | |
|---|---|
| آنکھیں ہیں راہ تیری رات دن ہم | ہماری شام ہے اور یہ سحر ہے |
| کلیجا کھا لیا غم نے ہیچ دل | کدھر ہے دل کہاں میرا جگر ہے |
| وصال یار حاصل ہو ولیکن | جدائی کا مجھے خوف و خطر ہے |
| میں جیتا ہوں نہ مرتا ہوں عزیزو | بلائے ناگہانی کا اثر ہے |
| تری کوچے میں آ بیٹھا ہے ضامن | یہی مسکن ہے اپنا اور یہ گھر ہے |

| | |
|---|---|
| گرمی بازار الفت سے جو تو بیزار ہے | کیوں نشاط دل تباہ تجھکو یہ کیا آزار ہے |
| گوشۂ کوے وفا میں خاک تھی اپنی پڑی | لیگئی کس جا صبا کیا مٹی اپنی خوار ہے |
| اس بہار حسن کا گجرا جو یاد آیا مجھے | پڑ گیا اپنے گلے میں آنسوؤں کا ہار ہے |
| اور قیبو تب تو ہم جلتے تھے سوز عشق میں | اب جلائینگے تمھیں ہم اپنی اپنی باری ہے |
| دین و دنیا دیکھا ہوں اور کیا باقی رہا | جان عاشق ہے فقط یاں بیچی طیار ہے |
| ہو گیا بیخود وہ جسنے اک دم دیکھا اسے | دیکھ نوردی صنم کو قہقہہ دیوار ہے |
| قافلہ تیری شہیدوں کا عدم کو ہے رواں | آہ کا نیزہ لیے ہر اک صنم بردار ہے |
| دیکھیے کس کی آئی ہے قضا اے دوستو | ہاتھ میں بے رحم قاتل کے علم تلوار ہے |
| سرو قد رخسار گل غنچہ دہن بو سمن | جلوۂ حسن بتاں پر یہ خوب ہی گلزار ہے |
| اضطراب دل سے مت گھبرا مثال موج تو | آئیگا وہ ضامن وصل کا اقرار ہے |

[illegible]

مرجائینگے ہم کھا کے چھری ہاتھ سے اپنے
وہ چہرۂ زیبا جو دکھایا نہ کرینگے

مشکل ہے علاج دل بیمار طبیبو
عیسیٰ بھی ہمارے مرض کو اچھا نہ کرینگے

ترسایا ہے ہر دم ہمین وہ کافر ترسا
جب اسکو نہ چاہینگے تو ترسا نہ کرینگے

دل چھین لیا قتل کیا گھر سے نکالا
کیا کیا نہ کیا اور وہ کیا کیا نہ کرینگے

ہم عاشق جانباز ہین قاتل تہ خنجر
تڑپینگے نہ چلائینگے نالا نہ کرینگے

جون طفل زمین پر جو گرا کرتے ہو آنسو
ہر دم تمھین اشک سنبھالا نہ کرینگے

آب دم شمشیر سے کر حلق ہرا تر
ہم آب بقا کی بھی تمنا نہ کرینگے

کر بحر خجالت مین ہو جاتی ہو تم غرق
ہم آپ کے آگے کبھی رویا نہ کرینگے

قاصد جو گیا پھر کے وہ جیتا نہین آیا
آیندہ وہان خط کبھی بھیجا نہ کرینگے

جنا من دل پر درد سے تو آہ نہ کرنا
ان شعلون کو افلاک سنبھالا نہ کرینگے

مقتل مین شہید ہونگا اب جانا ہی بہتر ہے
قدمون پہ ستمگر کے مرجانا ہی بہتر ہے

مشہور ہوا مجنون جو دنیا مین تو کیا حاصل
اس عالم شہرت سے گم جانا ہی بہتر ہے

مانند شمع کوئی جاتی ہے ہوس دل کے
خاموش سر محفل جلجانا ہی بہتر ہے

زاہد نہ رو سے یہ عشق عبادت ہے
پر جوش محبت کا چھجانا ہی بہتر ہے

لِی مَعَ اللہ آیہ لا اور آنا الحق برملا
عشق کی دریا مین گرکر کون نکلا ہی میان
عشق ہی معشوق مولی عشق کا ہے ظہور
کب فرشتونکی بھی ہی طاقت امکان پہ جا ئین
بار الفت مین وہ پایا تنک کہ اٹھ سکتا نہین
زکریا کی طرح مین تو صبر کرکے رہ گیا
کھل نہین سکتا ہی عقدہ ناخن تدبیر سی
مقصد کونین حاصل عشق سے ہوہین کل
عشق کی شیرینی و لذت بیان کیا کیا کرون

اور صدا الحق تراکی کہہ پکارا عشق ہے
جسکو کہتی ہین وہ دریا بیکنارا عشق ہے
عرش سے لی فرش تک بالکل یہ سارا عشق ہے
حضرت انسانکو انتک اسی سدھارا عشق ہی
ای صنم سینی پہ میری سنگ خارا عشق ہے
سر پہ میرے دمبدم چلتا یہ آرا عشق ہے
اسطرح کا زخم وہ سنگین لگا یارا عشق ہے
سعد اکبر نیکبختی کا ستارا عشق ہے
دودھ پیڑا مصری و لڈو چھوہارا عشق ہے

حور جنت لیکے تجھ بن یار ضامن کیا کرے
ہم ہین عاشق آپ کے ہمکو تمھارا عشق ہے

آہ سوزان سی ہماری تیرہ خجالت برق ہی
مین ہوا ہون جسکی عاشق وہ ہوا ہے مجھکی
خوبرو دنیا کی تیری سامنے ای دلربا
غرق آب حسن مین ہی مہر چرخ دلبری

ابر گریہ سی مری پانی مین اتبک غرق ہی
مجھ مین او مجنون مین اتنا ہی عزیزو فرق ہی
ہین ستارے تو ہیاری آفتاب شرق ہی
روی تابان صنم کی ابجو آیا عرق ہے

دیوان ضامن

[illegible]

منزل یار تلک ہائے نہ پہونچا ضامن
آفرین عمر کو اس راہ مین چلتے گذری

پہلو سے لیگیا وہ مرے دل نکال کے
دلکو جگر کو دونو نکو شاں نکال کے

کاکل کے دام مین ہے گیا مرغ دل اسیر
صیاد تو نے مرغ یہ سینہ تل نکال کے

ناحق کیا جو قتل مجھے مین دکھا دیا
باب انفعال کا وہین فاعل نکال کے

آنکھین تری وہ دزد دلاور ہین راہزن
لیجا مین جان کو سر محفل نکال کے

مانگے ہے جان وصل سے پہلے ہی ہائے یار
حجت وہ پیش کرتا ہے مشکل نکال کے

یہ ذبح کیا ہے مجکو تو جب آپ جا ہے
بسمل کی جان تن سے تو قاتل نکال کے

تیغ جفا سے اسکی خطا وار بچ گئے
جن جن کی مارتا ہے وہ گھائل نکال کے

قابل یہ یادگار ہے پیکان ڈھونڈھ مت
دیگا نہین جگر سے یہ بسمل نکال کے

عنقا صفت وہ یار ہے مت ڈھونڈھ بیٹھ رہ
ضامن خیال سے یہ باطل نکال کے

عارض سے کب ہے زلف معنبر لگی ہوئی
ناگن سی ہے یہ گل کے برابر لگی ہوئی

ہے عشق گل مین بلبل مضطر لگی ہوئی
سر پر خزان ہے گل کے سراسر لگی ہوئی

سینہ جلا دماغ دل و جان جل گئے
کیونکر نہ تجھے یہ آگ ہے گھر گھر لگی ہوئی

[illegible]

تمین

نہیں صبر و قرار ہے دل کو ذری مرے دیکھے بنا تجھے ایک گھڑی
جو دیکھا ہے ناز و عشوہ گری مرا چین گیا مری نیند گئی

ترے جور و جفا سبھی سہنے سے مرے ہوش و حواس بجا نہ رہے
مجھے گریہ نے ہجر میں چین نہ دی مرا چین گیا مری نیند گئی

کبھی تمنے نہ مجھسے کہا کہ میاں مرا نام ہے یہ مرا گھر ہے وہاں
مری عمر تلاش میں ساری گئی مرا چین گیا مری نیند گئی

نہ تو زندہ رہا ہوں نہ آئی قضا تری ہجر میں کیا نہ اُٹھائی بلا
مرا دل لگا تجھسے یہ کیسی گھڑی مرا چین گیا مری نیند گئی

میاں ملنا ہی مجھسے تو آکے ملو نہیں بہر خدا مجھے قتل کرو
مجھے سخت ولیا سی یہ جان مری مرا چین گیا مری نیند گئی

ہوا تجھ پہ فدا دل و جان سے صنم مجھے تیری قسم تری جان کی قسم
تری ملنے کی یار ہوس ہی رہی مرا چین گیا مری نیند گئی

یہی جی میں ہے میرے کہ رشک قمر ترے سبز لباس پہ کھاؤں زہر
گل رخ پہ نقاب ہے تیری ہری مرا چین گیا مری نیند گئی

یہی چاہے ہے جی کہ وہ رشک پری کرے سامنے میری جلوہ گری

[illegible]

مین ایسی لیلی کا مجنون ہون سن لے او مجنون
پھرے ہے ڈھونڈھتی مجکو یہ در بدر لیلے

جسے تو ڈھونڈھتے ہے صحرا و دشت مین ضامن
وہ میرے پاس ہے مدت سے جلوہ گر لیلے

ہمکو تم جب سے کہ اے صاحب من بھولگئے
ہم بھی تمکو وہین اے عہد شکن بھولگئے

جب سے عاشق ہوئے اس رشک چمن پر ہمتو
لالۂ و سنبل و گل سرو و سمن بھولگئے

کیا فدا جی ہو دل و جان کسی بت پہ خدا
تو ہی دنیا مین مجھے وہ کرکے دفن بھولگئے

اضطراب دل وحشی نے جھلایا یان تک
یاد کچھ بھی نہین ہم سارے ہی فن بھولگئے

رنج فرقت مین مری عمر بسر گو کہ ہوئی
وصل کے روز سبھی رنج و محن بھولگئے

جب سے سونگھا ہے وہ گیسوی معنبر ہمنے
سنبل و نافۂ چین مشک ختن بھولگئے

رشک سے خون ہوا لعل ترے دیکھ لبے
جوہری قیمت خوش لعل یمن بھولگئے

ہمکو جا کوچۂ جانان کی محبت یہ ہوئی
عیش فردوس تمنای عدن بھولگئے

مثل بلبل کے تری یاد مین ہون نعرہ زنان
پہ مجھے آپ ہی اے غنچہ دہن بھولگئے

ناوک انداز نہ چھوڑا ہے کوئی طائر دل
اپنے تم صید کو کیون تیر فگن بھولگئے

چیر ڈالا تھی بحریان کو گریبان سمجھا
ای جنون بحد مین ہم چاک کفن بھولگئے

اس بہار سیۂ دنیا پہ یہ اہل دنیا
پانچ دن کے لیے وہ اصل وطن بھولگئے

دیوان ضامن

راہ

| | |
|---|---|
| راہ غربت مین تھکا سر پر اٹھایا جب مجھے | تھے رفیق راہ یہ رنج و محن مین آبلے |

پانؤن مین مجنون کی چھالے تھے پڑی ناقہ کے ساتھ
اب وہ ضامن تو نبا ندھی ہین سخن مین آبلے

ترے عشق مین جب بیوفا مری کیا ہی بیقدری رہی
دلے تو نے پوچھا نہ حال کچھ تجھے ایسی بیخبری رہی
ہوا خشک اپنا ریاض تن نہ رہا وہ گل نہ رہا چمن
مگر ایک نرگس چشم نم ترے دیکھنے کو ہری رہی
مجھے ساقیا وہ نشہ پلا کہ کھلے جس سے جلد فنا بقا
تو خیال دل مین ذرا نہ لا کہ پیالی مے کی بھری رہی
یہ ظہور کل ہے سبھی ترا تو خود آپ آیا ہی اے خدا
سو عجب طلسم دیا بنا تری ذات سب سے بری رہی
تو نے جب سے اے مرے ساقیا مجھے جام محو فنا دیا
نہ خیال ہستی دل رہا نہ نگاہ جلوہ گری رہی
بتا اپنا نام و نشان گل کسے کہیے خار کہان ہی گل
نہ وہان ہی راحت و رنج کا دخل نہ نمود اپنی ذری رہی

ضامن

اچھا ہوا جو بت کے نہ آیا وہ مرگیا
تیر نگاہ یار سے کیونکر بچے کوئی
فرہاد کی طرح لب شیرین کو بوسے بن
سجدہ کرون نہ کیونکہ تہ تیغ بت بھلا
ڈھونڈھو میان رہ ہستی سے جا گذر

تاثیر کوے یار مین دار الشفا کی ہی
مژگان چشم دیکھیے برچھی قضا کی ہی
بیجرم مارا جاؤن یہ مرضی خدا کی ہی
آواز کان مین مرے قانو آلبلی کی ہی
منزل یہی فنا کی ہی یہ ہی بقا کی ہی

ضامن علی ہی جسکا اُسے خوف حشر کیا
امداد ساتھ میرے تو مشکل کُشا کی ہے

دل کو ہمارے چاہ اُسی بیوفا کی ہے
کس طرح چوم لون مین کف پاے نازنین
کیا آرزوی وصل بت بیوفا کی ہو
ہر ہر قدم پہ اُسکے ہی اعجاز عیسوی
باب قبول ہنوز عزیزو ہوئے ہین بند
خانۂ خدا مین سامنے آکر کیا ہی گھر
مجکو ہوا ہی شوق اُڑا لیجیے اُدھر
گلشن مین سیر کو وہ گیا تو بہار حسن

ورد زبان جسکی چاہ مین خواہش قضا کی ہی
پابوس کی طلب اُسے رنگ حنا کی ہی
عادت جسے ہمیشہ سے جور و جفا کی ہی
رفتار اُس پری کی یہ ناز و ادا کی ہی
بازو شکستہ پا کہین مرغ دعا کی ہی
دلمین ہمارے یاد جو زلف دوتا کی ہی
دلمین ہوا بھری مرے اُس دلربا کی ہی
لب بر ندا یہ غنچون کو صل علی کی ہی

ضامن

| | |
|---|---|
| کیون تعلق کسی عیار سے تم کرتے بھلا | آنکھ اور میرے جو آپس مین صفائی ہوتی |
| وہ ستمگر جو کبھی ہمسے موافق ہوتا | سر پہ آفت یہ جہان کی نہ اٹھائی ہوتی |
| دل یہ بیتاب ہے سیماب کے مانند مرا | ہوتا قابو مین تو اکسیر بنائی ہوتی |
| مرغ دل باغ جہان مین تو نشیمن کرتا | دام کاکل سے اگر اسکی رہائی ہوتی |
| کیون بھلاتا وہ ہمین دل سے برا جانتا کیون | اپنی قسمت مین لکھی کچھ جو بھلائی ہوتی |
| منتظر آمد جانان ہون ہمیشہ یارو | اسکے آنے کی کسی نے تو سنائی ہوتی |
| کیا لگین ٹانکے جہان ہو گئین زخم پہ زخم | گر رفوگر کہین ملتا تو سلائی ہوتی |
| تاب ہوتی رخ تابان کے نظارے کی اگر | ہمنے بھی آنکھ ستمگر سے لڑائی ہوتی |

بت ہوا اس بت عیار کے آگے ضامن
کچھ تو بن آتی اگر بات بنائی ہوتی

ہمین مت مارو ای قاتل ہم اپنے آپ ہی مرجائین گے
بن آئی جب کہ مرجاینگے تمھارا نام کرجائین گے
صنم کے عشق مین یارو نفع بھی ہے ضرر بھی ہے
بگڑ جائین گے گر کٹتے تو کٹتے ہی سنور جائین گے
صراحی جام مینا کے گردن کا توڑ کر ٹکڑے

مرنے سے جو کہ پہلے ملا ذات پاک مین | باقی رہے نہ کیونکہ وہ باقی مدام ہی

صابر شراب عشق سے مجکو نہ بھولنا
ضامن علی ہمیشہ تمھارا غلام ہی

محفل جانانمین دیکھو گر کوئی جانے مجھے
عاشق جانباز کیونکر شمع وجانے مجھے
ہی یہی بہتر کہ کوی یار مین مت جا دلا
خاک و خون مین اسقدر لوٹا کہ بسملا بنگیا
فرقت جانان نے میرا حال ایسا کردیا
اس شہید ناز کو دو غسل چشم تر سے تم
سخت جانی نے مجھے شرمندہ جانان سے کیا
استخوان جلکر کے خاکستر مری ہوجا ئینگے
عشق مت کر اس صنم کا دیکھ پچھتاویگا تو
شہر مین خفقان ہی اور صحرا مین وحشت ہی مجھے
زندگی بن یار کے مشکل ہی اکدم بھی مجھے
مین بجا دونگا اٹھا مت عاشق جانباز ہون

مثل پروانہ کے جب وہ شمع وجانے مجھے
مثل پروانہ کے جلجاؤن تو پہچانے مجھے
غمزے اسکے وان تلک پہونچگی کنجانے مجھے
کافر بسمل صنم آئے ہین کھانے مجھے
یعنے دیوانہ کہین ہین سارے دیوانے مجھے
اشک خون آلودہ آب نے ہین نہلانے مجھے
ناتوان آکی نظر وہ نازنین شانے مجھے
عشق کی آتش لگی ہی ابتو بھڑکانے مجھے
یہ ہی سمجھاتے تھے سارے اپنے بیگانے مجھے
اچھے بچھے کو ہوا کیا ہی خدا جانے مجھے
ای عزیزو تم ذراسا زہر دکھلانے مجھے
وہ خدا کے واسطے قدمون مین مرجانے مجھے

جفا کی اب تلک جب ہم سے وفا کی
ارے ظالم یہ لائق تھا سزا کی
ہمیشہ عشق کو دوست ہم فرقت
یہی وارد ہے تمہارے اثر دعا کی
ضمانت کر گئے ہم تو تمہاری

دیوان ضامن

تجلی سے ہی دیدار خدا کی
باغ عالم سے ہر سبزہ زبان
وہ ساری رات محفل مین جلا کی
بجانا سوز دل شمع یارو
ستم آفت ہے کمان رنگ حنا کی
مین آنکھین چرا کر
یہی باران رحمت ہے خدا کی

وہی اپنا ہوا دشمن جسے ہم آشنا سمجھے

| | |
|---|---|
| سوا تیرے نہین ہر کوئی ایسا<br>سرودِ عشق سے دل مین ہمارے | ہمارے درد و غم کا ہو وہ شاکی<br>ہمیشہ غم کی سارنگی بجا کی |

اذیّت اور مصیبت مین ہمیشہ
دلِ ضامن نے بس اُنکو دعا کی

تمھاری زلفِ مشکین کو جو ہم مُشکِ خطا سمجھے
خطا سمجھے جو یہ سمجھے تری کاکل کو کیا سمجھے
وہ جدول لاجوردی ہے رُخِ مصحف کی صفحہ پر
اُسے فیتا حمائل کا رُخِ مصحف کی جا سمجھے
رُخِ روشن کو ہم اُسکے دلون کا آئینہ سمجھے
ظہورِ نورِ اقدس ہے تجلّیِ خدا سمجھے
لبِ جان بخش جانان کے لبِ شاکِ مسیحا ہین
صدائے قم باذنی کو فقط حکمِ خدا سمجھے
ہم اُسکے چشم و ابرو کو کہو یارو کہ کیا سمجھے
اُسے ہم چشمۂ کوثر اسے تیغِ قضا سمجھے
رفیق اپنا جو اے دل تھا خدا جانے کہان پہونچا

دیوان ضامن

فنا کو جو بقا سمجھے بقا کو جو فنا سمجھے

سمجھ ہے اپنی اپنی اور عقیدہ اپنا اپنا ہی
کوئی اُس بُت کو کچھ سمجھے ہم اُس بُت کو خدا سمجھے

خدا ہم سے جُدا کب ہی حباب و بحر کے مانند
یہ ہے اِک موج زن دریا ہم اور وہ آشنا سمجھے

عجب فہمید ہے یارو یہ اُلٹی بات کیا سمجھے
ہمین وہ ہین بلا سمجھے ہم اُنکو ہین شفا سمجھے

مٹا کر لوحِ ہستی سے رقم حرفِ خودی بالکل
بقا ذاتی کے معنون کو کوئی اہلِ فنا سمجھے

بہر صورت وہ ہی ظاہر مقید ہم ہین صورت کے
خطا اپنی سمجھ کی ہے جو ہم سمجھے خطا سمجھے

رضامندی سے جان دینا نہ کچھ خواہش ہو جانان کے
شہادت کا مزا ضامن شہیدِ کربلا سمجھے

| | |
|---|---|
| تمھاری کاکلِ مشکین کو کیسی کیا سمجھے | کہا کہ سنبلِ تر اُسکو ہم بلا سمجھے |
| تمھاری ابروِ خمدار عید کا ہی ہلال | ہم اُسکو تیغِ جفا خنجرِ قضا سمجھے |

[illegible]

| | |
|---|---|
| اسطرح مری ہڈیان آتش عشق جلادین | جون آگ مین جلجاتی ہی عناب کی لکڑی |

ہر عقدۂ مشکل یہ گرہ اور نئی ہے
شاخ دل ضامن ہی کوئی داب کی لکڑی

| | |
|---|---|
| وہ پردہ پوش آئی ہم سے خدا کرے | جور و جفا سے باز رہے اور وفا کرے |
| پہلو سی جسکے یار گیا پھر وہ کیا کرے | خون جگر فراق صنم مین پیا کرے |
| مین ہون مریض عشق طبیبو نہ دو دوا | معجون وصل یار مجھے ہان شفا کرے |
| یہ زندگی ہی مرگ مری مرگ زیست ہے | جس سی جدا ہو یار وہ کب تک جیا کرے |
| یاد مسی لب و دندان یار مین | تارے تمام رات وہ بیکل گنا کرے |
| مرتا ہون ہجر یار مین جینا محال ہے | کہدو اجل سی تو مری آکر دوا کرے |

اس گل کی تو خبر ہمین لاکر صبا سنا
ضامن تمھاری حق مین ہمیشہ دعا کرے

| | |
|---|---|
| آشناؤن کی عزیزو آشنائی دیکھ لی | اس بت نازک کی وفا اور بیوفائی دیکھ لی |
| جبہ و دستار و تسبیح اور وعظ واعظان | ان عبا بازونکی ہمنے پارسائی دیکھ لی |
| اور مجازی عشق کھو دیتا ہے دنیا دین کو | ان بتونکی ہمنے بالکل بیحیائی دیکھ لی |
| جز خدا کی عشق کے حاصل نہین کچھ زاہدا | کعبہ و معبد مین کرکے جبہ سائی دیکھ لی |

دیوان ضامن

[illegible]

اس جان کو رکھتا ہو فدا کرنے کو تجھ پر
آئی تھی قضا لینے کو پر ہمنے ٹلادی

جیتا ہوا جائے نہ کوئی پھر کے یہاں سے
پھرتی ہے ہر اک کوچۂ قاتل میں منادی

آرام میں سوتے تھے پڑے ملک عدم میں
اے عشق مجھے لاکے یہاں دھوم مچادی

اے دشمن احباب محبت مگر اعدا
پہلی ہی ملاقات میں ملکر کے دغا دی

اس عشق نے الٹے ہیں سبھی کام ہمارے
شادی تو ہوا غم ہوا اور غم ہوا شادی

ملنے کی قسم کھائی ہے قاتل نے یکایک
اے قاصد بدفال یہ کیا تو نے سنادی

معشوق نہ کہو عاشق جانباز کو صاحب
ہاں حسن مگر آپکا بالکل ہے فسادی

اس عشق نے افلاک پہ پہونچایا ہے ضامن
گو خاک میں لے کرکے مری خاک ملادی

جیب ہو دریدہ ہو تو رفو گر سیا کرے
ٹکڑے ہو غم سے دل تو علاج اسکا کیا کرے

میں گریہ کار ہوں غم فرقت سے حسرتا
اور مثل گل رقیب بغل میں ہنسا کرے

پروانہ کی صفت نہ ملا وصل میں بھی چین
ہم شمع رو کی بزم میں شب بھر جلا کرے

آزاد کیجیے مجھے یا قتل کیجیے
دشنام آپکے کہو کب تک سنا کرے

آب بقا ملے نہ لب لعل یار کا
خون جگر نہ کیونکہ ہمیشہ پیا کرے

رنگ حنا ہو خون مری بارے یار کا
لاشہ کو میری پاؤں سے اپنے ملا کرے

دیوان ضامن

کیون مرا دل اداس رہتا ہے | رات دن اسکو یاس رہتا ہے
زلف کا فریہ گو کرہے کالی | اسکے رخ سے مساس رہتا ہے
میرے ملنے کی گرچہ کھائی قسم | پر یہ دل تیری پاس رہتا ہے
حلق کو میرے آکے کردے تر | آب خنجر کا پیاس رہتا ہے
سبز خط پر ہوئے ہین جو کہ شہید | انکی تربت پہ گھاس رہتا ہے

آنکھہ کو کھول دیکھہ تو ضامن
کسکے زانو پہ راس رہتا ہے

جو دیکھا کوے جانان مین تو برپا شور محشر ہے | صدائے الامان ہر جا بجا اللہ اکبر ہے
وہ اسکا صحفی چہرہ وہ اسکا حسن بے پایان | کتاب عالم امکان بھی اسکا ایک دفتر ہے
رضائے دلبر رعنا مین بت کچھ لب کشائی کر | اگر آرہ بھی پھر جائے تو وہ بھی نذر سر پر ہے
نہ دن کو چین ہے مجکو نہ شب کو نیند آتی ہے | دل بیتاب اپنا مثال برق مضطر ہے
بت کافر کی الفت مین تو ہم بھی ہو چکے کافر | صنم کا دل مگر اب تک وہی پتھر کا پتھر ہے
لکیرین ہین نہین یار دہنا کی دست جانان مین | لکھا قدرت کی ہاتھون نے ہماری خون کا محضر ہے
وہ آیا گل رخ زیبا ہمارے گھر مین الفت سے | تو کاشانہ مرا اے دوستو جنت سے بہتر ہے
ہین جو مجنون ان کے لیلے مرا آرام بس یہ ہے | سر ہر خار صحرا پر بچھایا اپنا بستر ہے

بن بیا آمر انگھیان تو نوح کشتی پشتی بان ہ
ابجلو سکھی آس کنتھ پاس جہان بہیل پلکا تا

ہمتین محابتھان بہا تان سنا یار و بہان جانان
بہا سمندر پار بسی جی اُسی دیس ہو جانان

چلونا میرا صابر پیارا جی
ملونا میرا مظہر پیارا جی

در عشق صنم بیتاب شم معلوم نشد کان یار کجا
سن بامری اب آری سکھی ہو کنتھ بسی کس دیس مین جا

بی بُردکسی یا مرد کسی یا گفت فقط این چون و چرا
جیارا ترسی پیا دیکھن کو کوئی ایسا نہین دبی کو ملا

چلونا میرا صابر پیارا جی
ملونا میرا مظہر پیارا جی

ذخواب ہرانی صبر جان بہجر صنم جون برق تپان
مین من سیر نیند نہین لکو تو سکھی ہے جتین نہین
پڑہی بھی ہاگی جوگن بھی بنی بنام ہوئی تپان کر لیے

یا جان بدیا آن بنر جان طلبم این گریہ جنان
بن بچھو سکھی کیسی رہنی پیا ڈھونڈت ہو تھا ہی نہین
یا تو لی ہمتے سجن گند رنگی نہین بن جی کر دیے

یا تو نبی لے لون ہا تھ بھرو ہنگی
مین تو سام دیوا لی جی

دریا عمیق امواج بیا کشتی کہن تاریک شبے
بلے ہی سمندر ڈوبتے ہی ہے ناؤ مری دو بار لگا

ملاح خضار جان ملا شیر خدا اللہ مدد ے
ای شیر خدا اگب ہی نہین فریاد سنو ضامن کی

این ہفت طبق و رذات یکی در موج دگراو صفا خدا
اس باپ یکسی کی شاہ ہر امین آج ولاری کی کھری
ڈھونڈھتے ڈھونڈھتا پر بھی سے عشق مجھے تنگی بار
نسب لگئی مین پہلی بیت جب یار زی تقیمین سے لگا

ارباب فنا اصحاب بقا اظہار کنند اسرار خدا
ملنے کی ہے آی جب لیتن سن کچھ بتن ٹپکی یا مین گری
جب یار تنگی جو یار ملا شب بنو کا شاہ سہاگ بھرا
تن ایک بھیا من ایک بھیا کیا فرق ہا کوئی جیو تیا

اجی مرے جاگے ہین بھاگ
سنیان کچے مین تو شگن مناتی جی

## مسدس در جناب سرور علیہ التحیات والصلوات

بلغ العلےٰ محمد کشف الدجےٰ تمامی
عجب کمال ذاتی ہے حسن باگرامی

حسنت جمیع عالم بظہور تو میانی
گئے طور پر جو موسیٰ بزبان خوش کلامی

تو بدین جمال و خوبی بر طور اگر خرامی
ارنی بگوید آن کس کہ بگفت لن ترانی

ہوا عفو جرم آدمؑ بطفیل نام احمدؐ
جو شفاعت خود احمد ہوئی رخ مین سکی سرزد

ہوا فیضیاب تس سے وہ رسولؐ حبذا مجد
ملکوت کرکے سجدہ وہ یہ بولے یا محمدؐ

| | |
|---|---|
| کہ ہوا وہ تحت ربی وہ محل خاص رحمت | کہ مقام وصل وہ تھا یہ بیان از لغت |

تو بدین جمال و خوبی بر طور اگر خرامی
ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی

| | |
|---|---|
| ملکوت جن انسان سبھی حور اور غلمان<br>صفت ایک احمدی کی لکھیں وصف کب ہے امکان | یہ تمام جمع ہو کر جو وہ ہووین ثنا خوان<br>وہ لے شوق دل عاشق کہیں تیری قربان |

تو بدین جمال و خوبی بر طور اگر خرامی
ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی

| | |
|---|---|
| قد سرو ناز و دلجو رخ رشک حور خوش رو<br>لب ہیں آب حیوان وہ دو چشم عین جادو | وہ جبین غیرت خور ہے نو فدای ابرو<br>سر زلف سنبل تر شب قدر ہے وہ گیسو |

تو بدین جمال و خوبی بر طور اگر خرامی
ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی

| | |
|---|---|
| شب و روز ہے تو گردان ہے تلاش کسکی گردون<br>غم ہجر سی تمھاری یہ ہوئی ہیں سارے مجنون | رخ شمس زرد رو ہے شفق فلک ہے پر خون<br>دل ماہ و مشتری ہیں یہی جلوہ گر ہے مضمون |

تو بدین جمال و خوبی بر طور اگر خرامی
ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی

مخمس [illegible]

[illegible]
تو بدین جمال و خوبی بر طور اگر خرامی
ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی

[illegible]
تو بدین جمال و خوبی بر طور اگر خرامی
ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی

[illegible]
یہ بیان خوش بیانی [illegible] جان ہو
دل و دماغ مضامین یہی لکھوں یہ جہان ہو

تا مرا ہم الدکیا رو دھا کی دو بیت
پیت چلت چلت ٹھک کی عمر گئی ہری بیت
ڈگریا بتا دیجو رے
ہیت آری تو الہا الکٹ ہون دن رین
ڈگریا بتا دیجو رے
حال ہمارا ہی یادرن بچن سے طے ہو چین
ڈگریا بتا دیجو رے
رات دنا روئی پھرون کہے پکارون جا
ڈھونڈت ڈھونڈت ڈھونڈت ہوری بھئی ہے بتلا و لا

مجنون ہو کر پھر رہا جنگل بن ہو خراب
آگ لگی ہے عشق کی جل بل ہوا کباب
ڈگریا بتا دیجو رے
پیت جنگل ڈھونڈ کر ہو گئی اب تو شام
شام ہماری روٹی ... من بھاون رام

دیوان ضامن

تو بدین جمال وخوبی بر طور اگر خرامی
ارنی بگوید آن کس کہ بگفت لن ترانی

| | |
|---|---|
| عشق لگائی تو نے آگ | جلگیا جو لا جل گئی باگ |
| وہ دیکھو لاگی ہے آگ | جلے مجھے پی کے گلے لاگ |

| | | |
|---|---|---|
| بیتم جب سو لاگا روگ | پی کو کارن کیا ہی جوگ | وہ دیکھو لاگی ہے آگ |
| جلے مجھے پی کو گلے لاگ | پیا ملے تو بنے سہاگ | ملانہ پی تو پھوٹے بھاگ |
| وہ دیکھو لاگی ہے آگ | جلے مجھے پی کو گلے لاگ | جلا جو دیوا جلا پتنگ |
| جل گئی رانی راجا سنگ | وہ دیکھو لاگی ہے آگ | جلے مجھے پی کو گلے لاگ |
| عشق دکھائی کیا کیا رنگ | جلگیا جیوڑا جلگیا انگ | وہ دیکھو لاگی ہے آگ |
| جلے مجھے پی کے گلے لاگ | عشق بلا کو وہ ہی تاب | رنگین ہوئین بجلی مہتاب |
| وہ دیکھو لاگی ہے آگ | جلے مجھے پی کو گلے لاگ | آگ لگی ضامن غمناک |
| جلبل ہو گئی ساری خاک | وہ دیکھو لاگی ہے آگ | جلے مجھے پی کے گلو لاگ |

نتائج ہندی

ڈگریا بتا دیجو رے مین بھولی میان رے

ڈگریا بتا دیجو رے ... آ بیون
... ضامن ... آگ لگی تون
جلے جانی جل ... بن ... بھولی میان رے
ڈگریا بتا دیجو رے مین بھولی میان رے

غزل

... جان و دل ... ہو ون
... ہمارا ... بھاون ... ہو ون
... ضامن ... جان ... من بار
... ساجن ... بار
... ہی ... ساجن ... بار
... سب
... بار

عشق

## غزلیات و غیرہ

پیو بن کی باتاں ہر کوئی جا ے سُناو
بنیا نہیں بھالی ہر کوئی جا ے سُناو
پچھاون پاچھا ہر کوئی جا ے ملے بن
لگ لگ جیون ابن کرن بن دھون ڈھون
آیا جیون بن بن ابن بال ہر کوئی جا ے سُناو
جیون اون بن بن ہر کوئی جا ے سُناو
ہر کوئی سُکھ تھی سب ہی
یار کون تھی پتی
سو کن من بن بن ہر کوئی جا ے سُناو
بابوا تا بانی ہر کوئی جا ے ہر کوئی
کھو سا کھن بن بھید ہر کوئی جا ے سُناو
جیون مین ادمی ہر کوئی جا ے سُناو

| | |
|---|---|
| عشق لگا اُس یار سے اور نہیں کچھ کار | کعبۂ دل کا یار ہے مین بل بل جاؤن وار |
| مرا نہ حاجتِ جنت نہ سایۂ طوبیٰ | حریم کعبہ جانم نگار من باشد |
| کیا کرون ہیکل بیٹھ کو اور کلیسا چرچ کی چھاتھ | احمد ڈھاک سہاؤ نے جو پیتم کے گل ہاتھ |
| نمی روم من ازین کوی یار سوے حریم | حریم کوچۂ جانان غبار من باشد |
| چھوڑ کے گلیاں یار کی مت کعبے کو جا | خانۂ کعبہ ہے وہی جہان ملے وہ پیا |
| سزو کہ رشک نہ کعبۂ دل عشاق | بکوی و بہرہ بر رعنا قرار من باشد |
| حیرت مین سب آ گئے دیکھکے میرا حال | لاشہ میرا یار نے لیا جو آپ سنبھال |
| زہے سعادت ضامن جو وصل من آنجا | کشتگان صنم گر شمار من باشد |

مطلب میرا مل گیا اور حج ہوا قبول
کشتون مین اُس یار کے ضامن ہوا شمول

| | |
|---|---|
| نا مین ہندو نا مین کافر نا سُنی نا شیعا رے | اپنے عاشق آپ ہو ہم جو جانا سو کیا رے |
| نا مین ملا نا مین قاضی نا صوفی نا پنڈت رے | دیکھ نگر مین بسا اپنا آگئی ہو کھٹ پٹ رے |
| اپنا آپا سکلے من جاگے جان نہ دھرتی اور آکاس | سب جاگے اور کہین کوی بوجھے اسکو پورا داس |

گرو نے اب میرا بتائے ضامن پیارے آپ کو کھو
آپ گما جب آپ کو پایا اپنا صاحب آپ ہی ہو

### راگ بھمن

برما اگن سے نہ رہی جیسا تی
دیپک ہو تن گائی تو کوئی جا ے سُناو
پیا ہی گئی جان سامن نہ سر
نا کوئی سنگ برائی نہ کوئی جا ے سُناو
لال آدھین سے یہ بر ہا کماوے
ضامن علی کو سُنا ئی رے
کوئی جا ے سُناو

### شلوک ۱۵ ۴ ۹ ۹

آپو آپ لاجات ہیں جیون چمن مین جات
دیکھا جون جارتی کل جگت کو کھات
چھتی ہون جات ہیں جیون دریا لی جون
آتا جب جون بچھی ماطرہ آوے کھج
آدم

دیکھو حال ہمارا اب آ ... [illegible]

نظریت لگا کے بھائی نے ہی لگا [illegible]

ضامن علی کو کیو پکارے

دوہا

دو پیار کا ... ضامن پی کی کار ... [illegible]

دوہا

ضامن دنیا ... دو نو ... نام ... [illegible]

ہوری

دیوان ضامن

| | |
|---|---|
| ڈھوکی مین جو آ پھنسا کبھی نہ اُترے پار | آدم بھولا کیون پھرے دھوکا ہے سنسار |

دنیا یہ مُردار ہے ضامن اُسے تو بھول
دُنیا سے ناراض ہین حضرت پاک رسولؐ

| | |
|---|---|
| سکھی سُنو میری کہانی | مین تو بھئی ہون برہا دیوانی |
| میری جنڈری عشق نے پھونکی | مین تو پہلے ہی جھٹ بنسو چونکی |
| جو مین جانون کہ ایسی بنے گی | میری تالی جگ مین بجے گی |
| کبھی پیت کا نام نہ لیتی | مین تو پہلے ہی جان کو دیتی |
| کوئی پیت کا نام نہ لیجو | مجھ بوری کی ریس نہ کیجو |
| اُمگا جوبن گن روپ ہماری | مین تو رہ گئی جیسکی بچاری |
| میری اُڑ گئی سُدھ بُدھ ساری | مین تو رہ گئی جیسکی بچاری |
| پیا تم بن کیسے جیون گی | جلتا من کی مین کاسے کہون گی |
| اُن جا کہین لینا بدلیا | ہم کینا جو گن یا کا بھیسا |
| سکھی اب کہو کیجے کہاری | پیا ڈھونڈت ڈھونڈت ہاری |
| ایسے تن من روپ کو وارون | اس سہاگ کو آگ مین ڈارون |
| مین تو نٹ کرم کی ہون ہاری | جو پیا نے جیا سے بساری |

ضامن ... [illegible]

قطعہ

[illegible]

| | |
|---|---|
| ہم طرح شرافت کیطرح دے گئے اُنکو | ضامن خدا جانے وہ کس طور سے لڑتے |

## قطعہ

| | |
|---|---|
| ہین وہ ابلیس لعین آپ خدا کے مارے | حاسد مردم خاصان ہین جفا کے مارے |
| جو کہ خود بد ہین وہ بد بین ہین بلا کے مارے | ضامن ان سے نہ مل ہین وہ ریا کے مارے |

## غزل

نشاء مستی عروج مین ہے شراب گل کا خمار دیکھو
مہک رہی ہین یہ طفل غنچے چمن مین چل کے بہار دیکھو
عجب کی رنگت کی ہین شئی رنگ عبیر کیسر گلال خوش رنگ
کہ خاک عاشق لہو کی رنگت ہمارا اُڑتا غبار دیکھو
اُدھر تو پچکاریان ہین ماری ادھر ہی آنکھونسے خون جاری
یہ ناتوان کو ہی بیقراری تم ایک گیندا اُسکے مار دیکھو
تمام سامان پھاگ کے ہین خوشی محبت کی ناگ کے ہین
سو یار بن دن یہ آگ کے ہین یہ ہوری جلجا رے یار دیکھو
کہین صراحی کرے ہی قلقل حریف بلبل کی پیتے ہین مل

ہر طرح کا عذاب ہوتا نازل
ذکر کر لا الٰہ الا ہُو
زن و فرزند مادر اور پدر
ذکر کر لا الٰہ الا ہُو
جب کہ سمجھے ہی تو عزیز بیان
کام آوے گا کوئی تیرا وہان
وان تو اعمال ہوین سارے عیان
ذکر کر لا الٰہ الا ہُو
جھوٹ غیبت گناہ سب چھوڑ دو
دنیا سے دلکو اب تم موڑ دو
یاد مولا سے لو لگا دو
ذکر کر لا الٰہ الا ہُو

| | |
|---|---|
| یاروہ ہی کہ مددگار ہو ہر غم مین شریک | ہمنے جب کس تمھین دیکھا ہی پیارے یارو |
| سر کو ٹکرا کے در یار پہ جی دونگا اجی | چھوڑ تنہا ہمین وہ گھر کو سدھارے یارو |
| شست مین لاتی ہین کیا بند کوئی دنیا مین | پھر پہ سب جاتی ہین کیون ہاتھ پسارے یارو |
| ہست کو نیست کی تقوی کو جتا ہی غرور | ایسے بگڑی کو بھلا کون سنوارے یارو |
| ای طبیبو کوئی تجویز دوا ایسی کرو | نشہ بادہ الفت کو اُتارے یارو |
| مرگیا مین غم فرقت مین کسی کافر کے | چارہ سازی نہ چلی کچھ بھی بچارے یارو |

خضر بھی چھوڑ گیا تیرہ جنگل مین تجھے
ہم بھی ضامن کو چلے چھوڑ پیارے یارو

| | |
|---|---|
| یاد رکھ کھول دل کی آنکھ کو تو | ذکر کر لا الٰہ الا ہُو |
| بیان ذکر سے جین دلکو ترسے ہو | ذکر کر لا الٰہ الا ہُو |
| بس ہمیشہ تجھے نہین جینا | کھول آنکھ دیدۂ بینا |
| آخرش زہر مرگ ہے پینا | ذکر کر لا الٰہ الا ہُو |
| چاردن کی حیات کے اوپر | ای مہجان تو غرور نکر |
| ہی گھڑی موت سر پہ لے خنجر | ذکر کر لا الٰہ الا ہُو |
| گور ہے ایک قید خانۂ گل | توڑ دیگی بدن کو باہم مل |

دیوان ضامن

دل سے شاہ اور گدا نادان
ہو فراموش سارا عالم
سب سے ذرا دل
ذکر کر لا الٰہ الا ہُو
باغ دنیا مین گلاب کا پھول
ذکر کر لا الٰہ الا ہُو
ذکر کر لا الٰہ الا ہُو
ذکر کر لا الٰہ الا ہُو

| | |
|---|---|
| سنگدل ذکر حق سی ہووے رقیق | ذکر کر لا الٰہ الا ہو |
| کام دنیا و دین کا بن جاوے | گر خفا ہو خدا بھی من جاوے |
| تو لگے ذکر دل مین ٹھن جاوے | ذکر کر لا الٰہ الا ہو |
| چھوٹ جاینگے تجھ سے سب جنجل | ضامن اتبو سنبھل سمجھ کر چل |
| نفس کافر کو نیچے پانون کے مل | ذکر کر لا الٰہ الا ہو |

## غزل دیگر

ہمنے جانا تم کو جانا پردے اندر تم ہی تو ہو
ظاہر و باطن تم ہی تو ہو اور اوّل و آخر تم ہی تو ہو
فتوی دے کر کفر کا تم نے قتل کیا ہر عاشق کو
نفظاً انا الحق بول کے بیخود دار کے اوپر تم ہی تو ہو
احد سے احمد پیارا بن کے اُمّت کا سالار ہوا
صلِّ علیٰ محبوبِ خدا یا شافعِ محشر تم ہی تو ہو
نحن اقرب کہکر صاحب پردے مین تم خوب چھپے
ابتو ہم پہچان گئے ہین جانی دلبر تم ہی تو ہو

ابرو کے محراب مین پیارے سجدہ کرین دیدار کو دیکھ
حرف پڑھون یا لکھنے سمجھون علم کھلا ہے باطن کا
ظاہر و باطن احد ہے احمد میم کے تو اسرار کو دیکھ
قاضی ملا دشمن میرے مفتی نے یہ فتوے دیا
مجنون جو تو بولا انا الحق گردن پر تلوار کو دیکھ
خلقت نے گھیرا ہے لیا ہے کہنا مانون کس کس کا
عشق کہے مت دیکھ کسیکو عقل کہے سب کار کو دیکھ
عالم فاضل پڑھ پڑھ بھولے بھول گئے وہ پہلا سبق
جبہ دیکھا قلہ دیکھا بھول گئے دستار کو دیکھ
مظہر صابر ایک ہین دونون صورت پردہ سیرت کا
چشم خدا بین کھول کے ضامن وحدت کے اسرار کو دیکھ

## غزل دیگر

| | |
|---|---|
| فی الحقیقت رازدانی اور ہے | واعظو یہ قصہ خوانی اور ہے |
| مرگیا مرنے سے پہلے جو کوئی | اسکی عمر جاودانی اور ہے |

شمع پر پروانہ جلنا چاہیے
دیکھو یہ جان فشانی اور ہے
عشق سے معشوق بنتا ہے یہ نادان
بیٹھیون کی یہ نشانی اور ہے
کوہکن سے جان بخشین صفت دی
جانفشانی اور یہ کامرانی اور ہے
یاد آیا وصل کا دن شام ہجر
یہ بلا سے تا لگے ساقی اور ہے
زاہدو کعبے کا بانی ہے خلیل
کعبۂ دل کا تو بانی اور ہے
منع کیون کرتے ہو ناصح عشق سے
کیا عزیزو اسکا ثانی اور ہے
خود وہ آیا اور گھڑی وصل کی
مہربان یہ قدردانی اور ہے

دیوان ضامن

نامہ پڑھ کر وہ لکھا حال زار
پڑھ کے لکھنا اور سے کہنا زبانی اور ہے
ان بتون کو عشق میں ہے جان دے
ضامن اپنا یہ بیانی اور ہے

[illegible]

| | |
|---|---|
| رخسار آتشین گل خندان پہ عاشقو | افسوس اس بہار مین بلبل کی جان جلے |
| اس باغ سے خزا مین بھی اے گل نجا ئیگا | بلبل کا جب تلک کہ یہ نہ آشیان جلے |
| خاموش سوز شمع مین ہین چند فائدے | پروانہ دیکھو بزم مین آ کر کہان جلے |
| عاشق کو چاہئے کہ وہ جل جل کے ہو فنا | جسطرح سے چراغ کا یار و دھوان جلے |
| اے برق عشق خرمن ہستی کو پھونکدے | مانند پنبہ میرا سبھی جسم و جان جلے |

ظاہر ہے سوز و غم دل پروانہ اور شمع
حسرت کہ جان ضامن مسکین نہان جلے

ہر کا بھید نہ پایا ضامن ہر کا بھید نہ پایا رے
آپ ہی پرگھٹ ہو ہر جائی آپ مین آپ چھپایا رے
آپ سکے وہ نَحْنُ اَقْرَبُ آپ کہے سے فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ
آپ سکے وہ نحت قبائی وَ اعْبُدْ کیون فرمایا رے
جب تک تھا وہ پردے اندر سگرا بھید رہا تھا چھپا
پرگھٹ ہو کر بیا کل سیّان انت بچار بڑھایا رے
اِت اور اُت اور مین تو بیارے وہم خیال بڑھایا رے
ظاہر و باطن آپ نرنجن اپنا آپ دکھایا رے

ای یار ہمین ابروِ خمدار دکھادے
تو اپنی شہیدونکو یہ تلوار دکھادے

بیمار تری آنکھونکا ہون فتنۂ عالم
وہ چشم سیہ نرگس بیمار دکھادے

موسیٰ ہوئی بیہوش تری دیکھہ تجلّی
ہمکو بھی وہی جلوۂ دیدار دکھادے

عالم ترے جلوی کا ہے مشتاق پریرو
تو کھول کے کھڑکی سر بازار دکھادے

پامال کیا حسن روش نازنے تیرے
ای شور فگن ہمکو وہ رفتار دکھادے

کوچہ مین ترے جا کے کوئی پھر کے نہ آیا
تو ہمکو وہی قہقہہ دیوار دکھادے

تو دیکھہ مری طرف ذرا حور شمائل
ای رشکِ قمر آئینۂ رخسار دکھادے

ای غنچہ دہن رشک چمن باغ ارم یار
ای سروِ روان رونقِ گلزار دکھادے

اسطرح تڑپ رقص نما طائرِ بسمل
صیاد کو تو مرغ گرفتار دکھادے

مین دیکھہ رہا ہون تری قدرت کا تماشا
پر رازِ نہان صاحبِ اسرار دکھادے

ضامن پہ کرم کر یہ بہت دور سے آیا
مشتاق ہے دیدار کا دیدار دکھادے

عشق نے خواب سے جگا کے مجھے
مار ڈالا اُسے دکھا کے مجھے

جلوۂ حسن رخ دکھا کے مجھے
چھپ گئے بے خبر بنا کے مجھے

کون سی تھی پری وہ رشکِ قمر
لے گئی رات کو اُڑا کے مجھے

شورشِ عشق نے کیا بدنام
آشناؤں نے اس زمانے کے

نورِ احمد ہے تیری رخ میں عیاں

ساری عالم میں غل مچا کے مجھے
گھر میں چھوڑا نہ آشنا کے مجھے
آ دکھا واسطے خدا کے مجھے

ضامن اس نے دیا بہت دھوکا
عیشِ دنیا کے بس دکھا کے مجھے

اس سے ملنا چاہیے جس سے کہ اپنا دل ملے
قتل کر تیغِ جفا سے جسکو جی چاہے ترا
جسکے ملنے سے ضرر ہو فائدہ کچھ بھی نہو
دل کہیں مل کسی سے اور ہم ملنے لگے
کھینچکر شمشیر وہ آئے ہماری قتل کو
چھوٹ جائے اضطرابِ قصِ ناسوروں سے

جس سے رحمت دلکو ہو ہم سے وہ مائل ملے
اور کوئی دوسرا مجھ سا اگر بسمل ملے
ایسے موذی سے کوئی احمق ہو جاہل ملے
گر ملے تو کیا ملے بیکار بے حاصل ملے
ہم بھی سر کو ہتھیلی پہ سرِ محفل ملے
مرغِ بسمل کے گلے سے تیغ گر قاتل ملے

کہہ نہیں سکتا ہوں میں اسرارِ دل کو برملا
واقفِ اسرارِ ضامن گر کوئی کامل ملے

اگر حاصل تجھے حق الیقین ہے
کہیں وہ ظاہر و باطن کہیں ہے

وہ ہر دم پاس تیری نازنین ہے
کہیں وہ جلوہ گر پردہ نشین ہے

یوسفِ وحشت نے چھوڑا ایک تار پیرہن
تارِ جان شوق کا تیری عنکبوتی تار ہے

رات کو اختر شماری دن کو بیتابی دل
اور شب ہجر آنکھوں میں تری بن تار ہے

ہی نہیں جا شکایت گر نہ وہ آ کر ملے
پردہ حسن اور دل کا بھی وہی ستار ہے

خود غلط فہمی تھی ضامن آپکو جانے تھے ہم
آپ کو گم کر کے جانا آپ وہ کرتار ہے

مشکل پیش کی تو ہم ہیں کیا ہمیں اختیار ہے
ہاتھ اسکے تار ہے وہ آپ ہی مختار ہے

عیب پوشی کر رہا ہے ہم گنہگاروں کی وہ
کیونکہ وہ رحمان ہے غفار ہے ستار ہے

عطر وحدت سے مشام جان معطر کر حبیب
ذات تیری پاک ہے اور تو ہی اعطار ہے

میں ہوں نالائق مگر تو خدا ہی کارساز
بلکہ میں کچھ بھی نہیں ہوں یہ مری گفتار ہے

اور خیال غیر اور ہستی وہی پر نظر
ایک بلا ناگہاں ہر شوخی گفتار ہے

یار ہے پردہ نشین ضامن ملے یا نا ملے
بادشاہ کامران ہے آپ وہ مختار ہے

## غزل مع دوہا

زبانی حال یوں کہیو تو جا کر نامہ بر پہلے
ہماری آہ و زاری کی تو کر دیجو خبر پہلے

دیوان ضامن